## سوال

(805) ظہر کے فرض سے پہلے کتنی رکعات ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی ظہر کی نماز ادا کرنے آیا۔ مسجد میں اذان ہو جانے کے بعد فرضوں سے پہلے چار رکعت پڑھے یا وہ زیادہ بھی پڑھ سکتا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ظہر کے فرض سے پہلے صرف چار رکعات پڑھنی چاہئیں۔ دو رکعتوں کا بھی جواز ہے۔ بہتر ہے چار رکعتوں کو دو دو کر کے پڑھا جائے اور اکٹھی چار پڑھنے کا بھی جواز ہے۔ دونوں صورتوں کی وضاحت صحیح بخاری میں موجود ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی**

**کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :686**

**محدث فتویٰ**